ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com
dailydharti@gmail.com

روزنامہ

چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین

کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق

ایڈیٹر: عمر خیام

جلد02	جمعرات 25 اپریل 2024ء، 16 شوال المکرم 1445ھ 13 بیساکھ 2081	صفحات04 / قیمت20 روپے	شمارہ نمبر365

جامعہ پونچھ پر عوامی اعتماد کیلئے سخت فیصلے کرنا ہونگے وائس چانسلر

مشکل وقت گزر چکا، اہداف کے حصول اور عوامی توقعات پر پورا اترنے کیلئے قوانین پر سختی سے عملدرآمد کرینگے، ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر

وسائل کا بہترین استعمال ذمہ داری، اجلاس میں اظہار خیال، رجسٹرار ڈاکٹر عبدالروف اور دیگر کی شرکت، منصوبوں سے متعلق بریفنگ

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) وائس چانسلر جامعہ پونچھ پروفیسر ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر (پرائیڈ آف پرفارمنس) نے کہا ہے کہ ادارے کے استحکام کیلئے تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ وسائل کا بہترین اور ذمہ دارانہ استعمال ہماری بنیادی ذمہ داری ہے۔ جامعہ پر عوامی اعتماد میں اضافے کیلئے قانون کے مطابق اور سخت فیصلے کرنا ہونگے۔ جملہ امور اتنی شفافیت سے انجام دینگے کہ کوئی سوال نہ اٹھا سکے۔ انھوں نے کہا کہ طلباء، فیکلٹی ممبران اور دیگر اسٹیک

(بقیہ 04 صفحہ 03 پر)

بقیہ 4

ہولڈرز کیساتھ مسلسل کیساتھ روابط کا مقصد یہ ہے کہ ہر کسی کو یونیورسٹی کی پالیسیوں اقدامات اور پیشرفت سے آگاہ کیا جا سکے۔ تعلیمی اور انتظامی امور کی موثر طریقے سے سپورٹ کیلئے سہولیات اور وسائل کی موثر تقسیم کو یقینی بنائیں گے۔ان خیالات کا اظہار انھوں نے یہاں وائس چانسلر سیکرٹریٹ میں جامعہ کے اعلیٰ تدریسی اور انتظامی افسران کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں تمام کلیات کے ڈینز، پرنسپل افسران، رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف، میگا پراجیکٹس فیز 1، فیز 2 کے پراجیکٹس ڈائریکٹرز سمیت بڑی تعداد میں افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں رجسٹرار ڈاکٹر عبدالرؤف خان نے وائس چانسلر کو تدریسی سرگرمیوں، جرمن پروفیسر "پیٹر جوزف" کے دورے اور ورکشاپس میں طلبہ کی شمولیت سے متعلق آگاہ کیا۔وائس چانسلر نے کہا کہ جامعہ کے طلبہ کا غیر ملکی سکالرز کیساتھ تعامل سے طلبہ کی صلاحیتوں میں نکھار آئے گا۔طلبہ کیلئے نئی راہیں کھلیں گی۔انھوں نے کہا کہ عالمی معیار کے سکالرز کی آمد اور دوطرفہ تعلق کے فروغ کے گہرے اثرات مرتب ہونگے۔دریں اثناء پراجیکٹ ڈائریکٹر فیز 2 انجینئر امتیاز بہار نے میگا پراجیکٹ پر کام کی پراگریس اور رفتار سے متعلق بریفنگ دی۔ڈائریکٹر ورکس انجینئر وسیم احمد نے چھوٹا گلہ کیمپس سپورٹس کمپلیکس، ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ دوپلپمنٹ نے چھوٹا گلہ پراجیکٹ پر کام کی صورتحال جبکہ ڈائریکٹر سٹوڈنٹس افیئرز نے ہم نصابی سرگرمیوں سے متعلق بریفنگ دی۔وائس چانسلر نے افسران کی کارکردگی پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملازمین جامعہ کا اہم سٹیک ہولڈر ہیں۔اہداف کے حصول کیلئے ہماری توجہ اپنے مقصد پر ہے۔قواعد وضوابط اور قانون پر سختی کیساتھ عملدرآمد کیا جائیگا۔کسی قسم کی بلیک میلنگ برداشت نہیں کی جائیگی۔